اہل مغرب کے نام

دنیا کو آج جس بدامنی، دہشت گردی، وحشت اور درندگی کا چیلنج درپیش ہے اس کے مقابلے میں انسانوں کے بنائے ہوئے نظریات ناکام ثابت ہوچکے ہیں۔ الہامی مذاہب میں اسلام کے علاوہ باقی تمام مذاہب تغیر وتبدل سے غیر محفوظ ہیں لہٰذا اب اسلام ہی وہ الہامی مذہب ہے جسے عہدِ جدید کے اس خوفناک چیلنج کو قبول کرنے کے لئے آزمایا جانا چاہئے۔ اہل مغرب کے نام ہمارا پیغام یہ ہے کہ وہ اسلام سے تصادم کا راستہ نہ اپنائیں، اسے اپنا حریف نہ سمجھیں، اس سے خائف نہ ہوں۔ اسلام سراسر امن وسلامتی اور محبت واُخوت کا مذہب ہے اور اپنے سے پہلے آئے ہوئے مذاہب کی تائید کرنے والا ہے۔ اہل مغرب کو حریتِ فکر کے اس عہد میں تعصب سے بالاتر ہوکر پورے صدقِ دل سے پیغمبر اسلام کی سیرتِ طیبہ اوران کی لائی ہوئی تعلیمات کا مطالعہ کرنا چاہئے اور حقائق کی تہ تک پہنچنا چاہئے۔

یاد رکھئے، آج اہل مغرب کے پاس دو ہی راستے ہیں: یا تو وہ پیغمبر اسلام ﷺ کی لائی ہوئی دعوت حق کو قبول کرکے دم توڑتی ہوئی انسانیت کو تباہی، ہلاکت اور بربادی سے بچالیں یا پھر اللہ تعالیٰ کی اس سنت کا انتظار کریں جو تھوڑا ہی عرصہ پہلے دریائے آمو کے اس پار بسنے والی دنیا کی ایک عظیم الشان قوت پر پوری ہوچکی اور جس کا ذکر اللہ نے اپنی کتابِ مقدس 'قرآن مجید' میں ان الفاظ کے ساتھ کیا ہے:

﴿وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ هُمْ اَشَدُّ مِنْهُمْ بَطْشًا فَنَقَّبُوْا فِى الْبِلَادِ هَلْ مِنْ مَّحِيْصٍ﴾ (۳۶:۵۰)

''ہم ان سے پہلے بہت سی قوموں کو ہلاک کرچکے ہیں جو ان سے بہت زیادہ طاقتور تھیں اور دنیا کے ملکوں کو انہوں نے چھان مارا تھا، پھر کیا وہ کوئی جائے پناہ پاسکے؟'' (سورہ ق:۳۶)

اسی موضوع پر محدث کی مجلس اِدارت کے فاضل رکن، معروف محقق مولانا عبدالرحمن کیلانیؒ جن کا انتقال چند برس قبل ہوا ہے کا مقالہ بھی قابل مطالعہ ہے۔ یہ مقالہ بعنوان 'اشاعتِ اسلام اور تلوار' نومبر ۱۹۹۵ء کے محدث میں شائع شدہ ہے۔ (ادارہ)

مسلمان ہونا جرم ؟

افغانستان میں قحط سالی، بچوں کی ہلاکت اور مہاجرین کی حالتِ زار پر عالمی اِمداد کے بجائے امریکہ اور اقوامِ متحدہ کی طرف سے ناجائز پابندیاں ...... افغانوں کے مسلمان ہونے کی سزا ہے!

گزشتہ ۳ ہفتوں میں تقریباً ایک ہزار اَموات صرف بھوک کی وجہ سے واقع ہوچکی ہیں۔

آئیے! دستِ تعاون بڑھایئے، افغان بھائیوں کی مدد کیجئے ...... سہارا دیجئے! ﴿فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرَاتِ﴾

اپنے عطیات، سامان خوردونوش اور کپڑوں کی ترسیل کے لیے **اسلامک ویلفیئر ٹرسٹ** سے رابطہ فرمایئے

یاد رہے کہ ٹرسٹ کی طرف سے قربانی کا گوشت بڑی تعداد میں افغان بھائیوں تک پہنچایا گیا ہے۔

برائے رابطہ: اسلامک ویلفیئر ٹرسٹ ۹۹ جے ماڈل ٹاؤن، لاہور فون : 5866476,5866396